”اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور جو اسے یاد نہیں کرتا، زندے اور مردے کی سی ہے“

ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: ”اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور جو اسے یاد نہیں کرتا، زندے اور مردے کی سی ہے“ صحیح مسلم کے الفاظ ہیں: ”اس گھر کی مثال جس میں اللہ کو یاد کیا جاتا ہے اور اس گھر کی مثال جس میں اللہ کو یاد نہیں کیا جاتا ہے، زندے اور مردے کی طرح ہے“

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے یہاں اللہ کا ذکر کرنے والے اور نہ کرنے والے کا فرق بیان فرمایا ہے نفع رسانی اور حسن منظر کے معاملے میں دونوں کے درمیان وہی فرق ہے، جو زندے اور مردے کے درمیان ہے اپنے رب کو یاد کرنے والا زندے کی طرح ہے، جس کا ظاہر زندگی اور باطن معرفت کے نور سے مزین ہوتا ہے اس کے اندر نفع پہنچانے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے جب کے اللہ کو یاد نہ کرنے والے کی مثال مردے کی طرح ہے، جس کا ظاہر حیات سے خالی اور باطن بے سود ہوتا ہے اس کے اندر نفع پہنچانے کی صلاحیت بھی نہیں ہوتی اسی طرح جب گھر میں رہنے والے لوگ اللہ کا ذکر کرتے ہوں، تو وہ گھر زندے ہے اور جب اللہ کے ذکر سے پہلو تہی کرتے ہوں، تو وہ گھر مردے ہے ویسے یہاں زندے اور مردے اگرچے گھر کو کہا گیا ہے، لیکن مراد گھر میں رہنے والے لوگ ہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4177